سوال

(512)جب امام سورۃ فاتحہ کی قراءت بھول جائے تو کیا کرے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امام آخری رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنا بھول گیا اور اسے دوسرے سجدے کے بعد یہ یاد آیا تو وہ کیا کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کو چاہیے کہ اس رکعت کے بجائے جس میں اس نے قراءت فاتحہ کو ترک کر دیا ہے ایک رکعت پڑھے اور سلام سے پہلے سہو کے دو سجدے کرے۔ اور مقتدیوں کو چاہیے کہ وہ امام کی اقتداء کریں۔ وباللہ التوفیق (شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 426

محدث فتویٰ